اکرام اللہ ساجد

تبصرہ کتب

کتاب : ہمارے فرائض اور ہمارے حقوق

مؤلف : حافظ نذر احمد۔ پرنسپل شبلی کالج لاہور

صفحات : بڑا کتابی سائز ۲۳×۳۶/۱۶ : ۴۳۶ صفحات

معیاری کتابت و طباعت، سنہری جلد، قیمت ۳۳ روپیہ

ناشر : مسلم اکادمی، محمد نگر۔ لاہور ۵

حقوق و فرائض کے موضوع پر اردو میں صرف چند کتابیں لکھی گئی ہیں۔ زیر تبصرہ کتاب ان میں کئی اعتبار سے انفرادی حیثیت رکھتی ہے۔ مؤلف موصوف نے قدیم اور معروف عنوانات کے علاوہ عصر حاضر کے جدید رشتوں کو بھی شامل کیا ہے اور سب سے بڑھ کر یہ کہ حقوق سے پہلے فرائض بیان کیے ہیں۔ کتاب ایک مسلسل مضمون کی صورت میں نہیں بلکہ معین طور پر ذیلی عنوانات کے تحت ایک ایک فرض اور پھر جدا جدا حقوق کو بیان کیا گیا ہے۔

کوئی فرض یا کوئی حق ایسا نہیں جو کتاب و سنت کے حوالے کے بغیر درج کیا گیا ہو۔ ہر آیتِ قرآنی اور حدیثِ نبویؐ کا متن مع ترجمہ موجود ہے۔ حوالہ اس کے ساتھ ہے۔

کتاب "حقوق و فرائض" پانچ حصوں پر مشتمل ہے:

انسانی رشتے، عائلی رشتے، سماجی رشتے، دینی رشتے، اور سیاسی رشتے، کتاب میں سربراہِ مملکت اور حاکمِ عدالت سے لے کر ایک معالج، مریض، تاجر، خریدار، آجر اور اجیر اکیاون (۵۱) رشتوں پر سیر حاصل بحث کی گئی ہے۔